# GRADE VIII MODEL PAPER 2017
# GEOGRAPHY

## CRQ/ERQ Paper Marking Scheme

## CRQs

| سوال نمبر:1 | 3نمبر |
|---|---|

دریا کی تہہ نشینی کے عمل میں سرانجام دیئے جانے والے کوئی تین مراحل بیان کریں۔

**Possible answers:**

۱۔ دریا میدانی علاقے میں داخل ہو کر اپنے وزن کو کناروں اور فرش پر ذخیرہ کرنا شروع کرتا ہے۔

۲۔ بڑے اور بھاری پتھروں کی تہہ نشینی پہلے ہوتی ہے۔

۳۔ بجری، چھوٹے پتھر، ریت اور ذرات بعد میں تہہ نشین ہوتے ہیں۔

۴۔ دریا کل وزن کا ایک چوتھائی حصہ کناروں پر لے جاتا ہے جو کہ جھیل، سمندر یا بحیرہ میں ذخیرہ ہو جاتا ہے۔

**Checking hints:**

کل نمبر 3

ہر مرحلے کا ایک نمبر (3 مطلوب ہیں)

| سوال نمبر:2 | 3نمبر |
|---|---|

بحر اوقیانوس کی کوئی تین خصوصیات لکھیں۔

**Possible answers:**

۱۔ یہ دنیا کا دوسرا بڑا سمندر ہے۔

۲۔ اس کے ساحل پر دنیا کی بہترین قدرتی بندرگاہیں موجود ہیں۔

۳۔ جہازرانی اور سمندری تجارت کے لحاظ سے یہ دنیا کا مصروف ترین سمندر ہے۔

۴۔ دنیا کے اہم صنعتی، زرعی اور ترقی یافتہ علاقے اس کے گرد واقع ہیں۔

۵۔ اس کا رقبہ 7,67,62,000 مربع کلومیٹر ہے۔

**Checking hints:**

کل نمبر 3

ہر خاصیت کا ایک نمبر (3 مطلوب ہیں)

Result.pk

| سوال نمبر3: | 3 نمبر |
|---|---|

آتش فشانی کے تین اثرات لکھیں۔

Possible answers:

۱۔ لاوا کی خطرناک گیسوں کی وجہ سے تیزابی بارش ہوتی ہے۔
۲۔ آتش فشانی گرد سورج کی شعاعیں روک سکتی ہے۔ جس کی وجہ سے پوری دنیا کا درجہ حرارت متاثر ہوتا ہے۔
۳۔ آتش فشانی گرد ہوائی جہازوں کو بھی نقصان پہنچا سکتی ہے۔
۴۔ آتش فشاں سے نکلنے والی راکھ کھڑی فصلوں کو تباہ کر سکتی ہے۔

Checking hints:

کل نمبر 3
آتش فشانی کا ہر ایک اثر لکھنے کا ایک نمبر (3 مطلوب ہیں)

| سوال نمبر4: | 3 نمبر |
|---|---|

فضائی آلودگی کے کوئی تین اثرات لکھیں۔

Possible answers:

(۱) فضائی آلودگی پھیپھڑوں کی کارکردگی کو متاثر کرتی ہے۔
(۲) آنکھوں، ناک، منہ اور گلے میں جلن پیدا کرتی ہے۔
(۳) دمے اور کھانسی کا حملہ اور دیگر سانس کی بیماریاں پیدا کرتی ہے۔
(۴) نظامِ تنفس کی بیماریوں میں اضافہ کرتی ہے۔ مثلاً حلق کی سوجن
(۵) اعصابی نظام میں بے ترتیبی پیدا کرتی ہے۔
(۶) دل کے امراض کا باعث بنتی ہے۔
(۷) کینسر اور جوان مرگی کا سبب بنتی ہے۔
(۸) فضائی آلودگی آبی زندگی کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔
(۹) یہ تیزابی بارش کا باعث بنتی ہے جو پودوں کے پتوں کو تباہ کر دیتی ہے اور مٹی کو آلودہ کر کے ناقابل کاشت بناتی ہے۔

Checking hints:

کل نمبر 3
فضائی آلودگی کا ہر اثر لکھنے کا ایک نمبر (3 مطلوب ہیں)

Result.pk

| سوال نمبر 5: | 4 نمبر |
|---|---|
| مون سونی خط میں واقع کسی چار ممالک کے نام لکھیں۔ | |
| **Possible answers:** | |
| ا۔ انڈیا<br>۲۔ پاکستان<br>۳۔ بنگلہ دیش<br>۴۔ وسطی امریکہ<br>۵۔ برازیل<br>۶۔ ملائیشیا<br>۷۔ فلپائن<br>۸۔ آسٹریلیا | |
| **Checking hints:** | |
| کل نمبر 4<br>ہر ایک ملک کا نام لکھنے کا ایک نمبر (4 مطلوب ہیں) | |
| سوال نمبر 6: | 4 نمبر |

مشرقِ وسطیٰ کے ممالک سعودی عرب عراق، ایران اور ترکی کی معاشی ترقی میں کون سی اشیاء سب سے زیادہ اہم کردار ادا کرتی ہیں؟ چار کے نام لکھیں۔

**Possible answers:**

ا۔ تیل کے ذخائر

۲۔ صنعتیں

۳۔ زرعی اجناس

۴۔ قدرتی گیس

۵۔ سیمنٹ

**Checking hints:**

کل نمبر 4

ہر ایک شے کا ایک نمبر (4 مطلوب ہیں)

Result.pk

## ERQs

| سوال نمبر7: | 5 نمبر |
|---|---|


دی گئی جدول مختلف شہروں کے درجہ حرارت کو ظاہر کرتی ہے۔

| درجہ حرارت | شہر |
|---|---|
| $30^o C$ | اسلام آباد |
| $40^o C$ | پشاور |
| $45^o C$ | لاہور |
| $50^o C$ | کراچی |

درج بالا اعداد و شمار کی مدد سے دیے گئے باکس میں بار گراف بنائیں۔

Possible answers:

Result.pk




Checking hints:

کل نمبر 5

X اور Y (axis) بنانے کا ایک نمبر

ہر ایک بار بنانے کا ایک نمبر (4 مطلوب ہیں)

Result.pk

| | |
|---|---|
| سوال نمبر 8: | 5 نمبر |

پاکستان میں موسم خزاں کا دورانیہ کیا ہوتا ہے؟ نیز اس موسم کی چار خصوصیات لکھیں۔

Possible answers:

دورانیہ

پاکستان میں موسم خزاں کا دورانیہ مون سون اور موسم سرما کے آغاز تک ہے۔

خصوصیات

۱۔یہ سال کا خشک ترین موسم ہوتا ہے۔

۲۔بارشیں کبھی کبھار ہوتی ہیں۔

۳۔میدانی علاقوں میں درجہ حرارت معتدل سے سرد رہتا ہے۔

۴۔پہاڑی علاقوں میں نومبر کے مہینے میں درجہ حرارت کافی کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

Checking hints:

کل نمبر 5

موسم خزاں کے دورانیے کا ایک نمبر

موسم خزاں کی ہر خصوصیت کا ایک نمبر (4 مطلوب ہیں)

Result.pk